(1)

بخدمت جناب الیکشن کمیشن آف پاکستان



عدیل احمد چوہدری ولد چوہدری محمد طفیل سکنہ موضع بلانوالہ، تحصیل و ضلع سیالکوٹ۔

بنام

1۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان

2۔ عوام الناس

اعتراضات Representation 20-21 الیکشن کمیشن ایکٹ 2017 رول 12
الیکشن رول 2017 بابت حلقہ PP-41 و PP-43، تحصیل و ضلع سیالکوٹ۔

جناب عالیٰ! سائل حسب ذیل عرض گزار ہے۔

1۔ یہ کہ سائل بلانوالہ تحصیل و ضلع سیالکوٹ کا رہائشی ہے اور ووٹر بتفصیل شماریات بلاک کوڈ نمبر 178021102 سلسلہ نمبر 239 انتخابی حلقہ تحصیل و ضلع سیالکوٹ سابق PP-121 موجودہ PP-41، تحصیل و ضلع سیالکوٹ کا رجسٹرڈ ووٹر ہے اور سائل بمطابق قانون Representation اعتراضات ہذا دائر کرنے کا اہل ہے۔

2۔ یہ کہ سائل تحصیل سیالکوٹ کے حلقہ PP41۔PP-43 تحصیل و ضلع سیالکوٹ کی حالیہ حلقہ بندیاں، تبدیل کرتے ہوئے متعلقہ احکام نے حلقہ بندی کے بنیادی اصولوں اور حلقہ کی عوام کی سہولت اور فطری میل جول و روابط کو ملحوظ خاطر نہ رکھا ہے۔ جو تمام تر حلقہ بندیاں زیر اعتراض زمینی حقائق کے برعکس ہے اور حلقہ بندی کے رہنما اصول اور عدالتی نظائر سے متصادم ہے اور مظہر سائل کو دستور پاکستان کے تحت عینی و بنیادی حقوق سے بھی متصادم ہیں۔

3۔ یہ کہ زیر تجویز پٹوار سرکل ہائے کے تاریخی پس منظر کو ملاحظہ کیا جائے تو متذکرہ سابق PP-121 تحصیل و ضلع سیالکوٹ کا حصہ رہے ہیں جو بادی النظر میں شامل کیا جانا بھی عین ضروری ہے۔ سابق تفصیل حلقہ بندی ذیل ہے۔

i۔ قبل ازیں حلقہ PP-105 تحصیل و ضلع سیالکوٹ تھا بعد ازاں PP121 تحصیل و ضلع سیالکوٹ بن گیا اور اب PP-43 تحصیل و ضلع سیالکوٹ بن گیا اور ہمیں PP-41 تحصیل و ضلع سیالکوٹ میں شامل کر دیا گیا جو کہ سراسر غلط ہے۔

ii۔ یہ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے کی گئی مجوزہ حلقہ بندی نمبر PP-41 تحصیل و ضلع سیالکوٹ

(2)

بالخصوص زیر تجویز علاقہ جات اس لحاظ سے بھی موضوں نہ ہیں اگر مستقل میں بنیادی سہولیات تعلیم، سپورٹس اور دیگر منصوبہ جات عمل میں لائے جاتے ہیں تو اس صورت میں سائل کے زیر تجویز علاقہ جات یکساں مفاد حاصل نہ کر سکیں گے۔ کیونکہ موجودہ حلقہ بندی کسی طرح بھی Geograhphically Compact Areas پر مشتمل نہ ہیں۔ بصورت دیگر حلقہ کی عوام کی تمام سہولیات Physical Features Administrative Units Existing Boundaries Facility of Communcaition حلقہ PP-43 تحصیل وضلع سیالکوٹ سے منسلک ہے۔

4۔ یہ کہ سائل کے موقف کی تائید کیلئے فاضل الیکشن کمشن آف پاکستان ہر قسم کی انکوائری عمل میں لائے اور گواہان کو طلب کر کے شہادت قلمبند کرے اور حلقہ کے تاریخ پس منظر اور تجویز علاقہ جات عمل میں لائے اور سائل کو کوئی عذر و اعتراض نہ ہوگا۔ کیونکہ سائل کے موقف بر موقع، حقائق و سائل مقامی ذرائع آمدورفت اور عوام کی سہولت کے پیش نظر درست اور صحیح بیان کی گئی ہے (Ref Section 21 Election Act 2017)

5۔ یہ کہ پٹوار سرکل / یونین کونسل بلانوالہ کو PP-41 سے نکال کر PP-43 تحصیل وضلع سیالکوٹ میں لگایا جانا عین قرین انصاف ہے۔

6۔ یہ کہ PP-43 تحصیل وضلع سیالکوٹ سے کوٹلی لوہاراں یونین کونسل متعلقہ حصہ پٹوار سرکل کوٹلی لوہاراں PP-43 تحصیل وضلع سیالکوٹ سے نکال کر PP-41 تحصیل وضلع سیالکوٹ میں لگایا جانا عین قرین انصاف ہے۔

7۔ یہ کہ پٹوار سرکل مراکیوال یونین کونسل مراکیوال، تحصیل وضلع سیالکوٹ کی حد تک PP-41 سے نکال کر PP-43 تحصیل وضلع سیالکوٹ میں لگایا جانا عین قرین انصاف ہے۔

8۔ یہ کہ تمام زیر تجویز ترمیم شدہ موضعات و پٹواری سرکل کے افراد کے بطور نمائندگان بیان حلفی ہائے 16 عدد نقول Representation کیساتھ لف کر دی گئی ہیں جن کو آنجناب کے حکم کے مطابق بطور گواہ بوقت ضرورت شہادت پیش کر دیا جائے گا۔

اندریں حالات بالا استدعا ہے کہ Representation ہذا کو منظور فرما کر ابتدائی حلقہ بندی نمبر PP-43 میں ترمیم کرتے ہوئے شامل کیا جائے اور پٹوار سرکل بلانوالہ کو حلقہ نمبر PP-41 تحصیل وضلع سیالکوٹ سے حذف کر کے حلقہ PP-43، تحصیل وضلع سیالکوٹ میں شامل کیا جائے اور از سر نو نقشہ جات و فہرست حلقہ بندی مرتب فرمائی جائے اور حلقے کی عوام کو ان کی ذرائع آمدورفت، قدرتی، فطری اور جغرافیائی حدود کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

عـــــــــرض

عدیل احمد چوہدری ولد چوہدری محمد طفیل سکنہ موضع بلانوالہ، تحصیل وضلع سیالکوٹ۔